**الیکشن کمیشن آف پاکستان**

# پریس ریلیز

شعبہ تعلقات عامہ

بتاریخ: دوجون 2018

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے میڈیا پر ہونے والے تجزیہ کی روشنی میں وضاحت کی ہے کہ الیکشن کمیشن کا جو موقف لاہور ہائی کورٹ لاہور کے سامنے تھا وہ آج بھی ہے۔ لاہور ہائی کورٹ لاہور نے اپنے فیصلے میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کو ہدایت کی ہے کہ وہ نامزدگی فارم میں اضافہ کرے یا بہتری لائے۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ معزز عدالت نے پارلیمنٹ کے اس اختیار کو بھی تسلیم کیا ہے کہ وہ نامزدگی فارم الیکشنز ایکٹ کا حصہ بنانے کا اختیار رکھتی ہے۔ اور متعلقہ دفعات کو کالعدم قرار نہیں دیا ہے۔ اس لیے الیکشن کمیشن نے اس ابہام کو دور کرنے کے لیے سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن کا یہ شروع سے موقف ہے کہ نامزدگی فارم کو رولز کا حصہ ہونا چاہیے تھا۔